Visit of Prime Minister of India to Bangladesh

March 16, 2021

وزیر اعظم ہند کا بنگلہ دیش کا دورہ

16 مارچ، 2021

وزیر اعظم محترمہ شیخ حسینہ کی دعوت پر ، وزیر اعظم شرینریندر مودی 26 اور 27 مارچ، 2021 کو بنگلہ دیش کا دورہ کریں گے۔

یہ دورہ تین اہم واقعات کے جشن کے سلسلے میں ہے – مجیب برس، شیخ مجیب الرحمان کے یوم پیدائش کی صد سالہ تقریب؛ ہندوستان اور بنگلہ دیش کے درمیان سفارتی تعلقات کے قیام کے 50 سال؛ اوربنگلہ دیش کی جنگ آزادی کے 50 سال۔ وزیر اعظم نے آخری بار 2015 میں بنگلہ دیش کا دورہ کیا تھا۔

اس دورے کے دوران، وزیر اعظم 26 مارچ کو بنگلہ دیش کے قومی دن کے پروگرام میں بطور مہمان خصوصی شرکت کریں گے۔

وزیر اعظم کے اس پروگرام میں، وزیر اعظم شیخ حسینہ کے ساتھ دوطرفہ مشاورت کے علاوہ بنگلہ دیش کے صدر عالیجنابعبدالحمید سے ملاقات بھی شامل ہے۔ بنگلہ دیش کے وزیر خارجہ ڈاکٹر اے کے عبد المومنبھی وزیر اعظم سے ملاقات کریں گے۔
وزیر اعظم کا بنگلہ دیش کا دورہ کووڈکی وبا کے پھیلنے کے بعد کسی غیر ملک کا پہلا دورہ ہوگا۔اس سے بنگلہ دیش کے تئیں ہندوستان کی ترجیح کا اندازہ ہوتا ہے۔

نئی دہلی

16 مارچ، 2021

DISCLAIMER: This is an approximate translation. The original is available in English on MEA’s website and may be referred to as the official press release.